جناب! میں یہ جو motion لے کر آیا ہوں، یہ آٹھ مرتبہ defer ہوا ہے، جناب! کتنی مرتبہ defer ہوا ہے، یہ آٹھ مرتبہ defer ہوا ہے، یہ 2022 سے defer ہوتا ہوا آیا ہے۔ میں نے ایک مرتبہ سوال ڈالا تو اس سوال کا جواب آیا کہ آپ کا سوال بالکل صحیح ہے۔ ان شاء اللہ، اس کے لیے بندوبست کیا جائے گا۔ یہ پھر 07-11-2023 کو dispose of ہوا اور مرتضیٰ سولنگی صاحب نے یہاں پر یہ کہا کہ میرے خیال سے سینیٹر محسن عزیز صاحب کی بہت مناسب تجویز ہے کہ خیبر پختونخوا سے آنے والے لوگوں کی تکلیف کا مداوا ہونا چاہیے۔ ہم آج بھی متعلقہ وزارت سے کہتے ہیں کہ ہمیں بتائیں، اگر اس حکومت کی مدت میں ممکن ہو تو اس کو شروع کریں۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب! جناب چیئرمین صادق سنجرانی صاحب نے مجھ سے پوچھا کہ آپ بتائیں کہ آپ dedicated access چاہ رہے ہیں یا ایک exit چاہ رہے ہیں، میں نے کہا کہ ہم صرف dedicated exit چاہ رہے ہیں اور ہمیں کچھ اور نہیں چاہیے۔ خیبر پختونخوا سے جو لوگ آتے ہیں اور وہاں پر flights کم ہیں اور زیادہ تر مردان اور چارسدہ سے جب لوگ Islamabad Airport آتے ہیں۔ ان کو M-1 سے exit ہونے کے بعد ٹھلیاں انٹر چینج کے پاس جانا پڑتا ہے، جہاں پر ایک dedicated exit دیا گیا ہے اور یہ dedicated exit پنجاب کے لیے دیا گیا ہے۔ وہ dedicated exit 8 and 9 kilometres کا ہے، وہ وہاں پر exit لے لیتے ہیں، یہ آسانی ہے، بہت اچھی بات ہے۔ میں planners سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے جس وقت یہ planning کی تو آیا وہ خیبر پختونخوا کو بھی پاکستان کا حصہ سمجھتے ہیں؟ یہاں پر کیوں نہ ایک چھوٹا سا exit دیا گیا کہ پشاور، مردان، چارسدہ، صوابی اور ڈیرہ اسماعیل خان سے آنے والے لوگ وہاں سے exit لے لیتے۔

جناب ! اب کیا ہوتا ہے کہ ہم ٹھلیاں جاتے ہیں جو کہ 8 kilometres ہے اور ہم 8 kilometres سے exit لیتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ 8 plus 8, 16 kilometres کا exit لیتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم گولڑہ شریف جا کر U-turn لیں اور تیسرا طریقہ بہت آسان ہے کہ سری نگر ہائی وے سے ایک lane نکلتی ہے جو airport کو جاتی ہے، اس کے ساتھ M-2 کا exit نکلتا ہے۔ وہ کتنا ہے، وہ تقریباً اڑھائی سو گز کا ہے، اگر آپ قانون کی خلاف ورزی کر کے جائیں تو آپ اس road سے دو منٹ میں پہنچ جاتے ہیں۔ Otherwise, it takes your 20 more minutes to reach to the airport, میری اس پر جو گزارش تھی اور ایک سوال پہلے بھی ڈالا گیا کہ آپ صوبوں کے ساتھ اس طرح کا سلوک کیوں کرتے ہیں کہ جہاں پر پھر deprivation and disparities آتی ہیں۔ ایک طرف تو آپ اتنی لمبی سڑک دے دیتے ہیں اور دوسری طرف، میں ٹھیکیدار نہیں ہوں لیکن اتنی common sense تو ہے کہ وہی جو exist جہاں جا رہی ہے، اس پر اگر آپ bridge بنا دیں، it will not cost you more than 20-25 crore rupees and it will solve the Khyber Pakhtunkhwa people’s problems. کیوں نہیں ہوتا؟ تین سے آٹھ مرتبہ میرا defer ہو چکا ہے اور defer ہونے کے بعد ایک question ڈالا گیا ہے اور یہاں پر مرتضٰی سولنگی صاحب جو ہمارے دوست اور بھائی تھے انہوں نے assurance بھی دی ہے کہ ہم یہ کریں گے، اس کے بعد کیا ہوا؟ میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ اس کو آج یا ہاں کر دیں اور یا ناں کر دیں، اگر ناں کریں گے تو میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس سے ضرور پوچھیئے کہ کیوں نہیں ہو سکتا؟ اگر ہاں کر دیں تو ان سے time لے لیں۔ یہ میری درخواست ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ایک صوبے کی خواہش ہے جس کو ہم represent کرتے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Let the Minister Sahib respond. Thank you.

Senator Azam Nazeer Tarar

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: دیکھیں اس میں صوبے کا بالکل معاملہ نہیں ہے، ٹھلیاں انٹر چینج چکری اور ٹول پلازہ کے درمیان ہے۔ اس کی ایک اچھی access airport پر بھی ہے اور اس کے

علاوہ وہاں پر جو adjoining گاؤں ہے، جس میں ٹھلیاں بھی شامل ہے اور بہت سارے دیہات ہیں ان کو بھی اس سے excess ملتی ہے۔ سینیٹر محسن عزیز صاحب نے ایک اہم معاملے کے طرف توجہ مبذول کروائی ہے۔ میں نے جیسے عرض کیا کہ Minister for Communications کا آج قومی اسمبلی میں بھی business ہے۔ اس پر میں ان سے further briefing بھی لے لوں گا اور next جب یہ take up ہوتا ہے میں بھی ویسے کسی کو بھجواتا ہوں۔ اس میں rest assured کہ government کبھی صوبائیت وغیرہ پر کوئی decisions نہیں کرتی اور یہ شاید انٹر چینیج جو ٹھلیاں کے لیے بنایا گیا ہے اگر میں recall کروں تو یہ پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت میں بنا تھا۔ اس میں کوئی political considerations نہیں ہوتیں۔ اس سے پیچھے بھی ایک بنا تھا جس کو لطیفال (Latifal) یا کیا کہتے ہیں جو کسی ایک اعلیٰ شخصیت کے لیے بنایا گیا تھا، ان کا وہاں پر گاؤں ہے۔ اس وقت کے وہ بڑے اہم عسکری عہدے پر فائز تھے، وہ بھی بنایا گیا، سہولت دی گئی اور اس سے وہاں کے لوگ فیض یاب ہوئے، جو انٹر چینیج کے ارد گرد، فیض حمید صاحب کے گاؤں کے قریب۔ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب میں آپ کا سمجھایا ہوا ہوں، میں نہیں گھبراتا۔ میں نے کہا کہ ان کو زیادہ بُرا نہ لگے اس لیے نام نہیں لے رہا تھا۔

جناب والا! یہ جو انٹر چینیج والا معاملہ ہے I will take it up with Minister for Communications and I will get back to the House اور یہ جائز بات ہو تو بالکل ہونی چاہیے۔ جناب! یہ forum ہے یہاں پر ہمیں یہ چیزیں highlight کرنی چاہییں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب! اگر اس کو ہم کمیٹی کو refer کریں جو اس کو thoroughly discuss کرے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: فرمادیں، فرمادیں، مانڈوی والا صاحب بھی یہ فرما رہے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کیوں سینیٹر محسن عزیز صاحب؟ Can we refer it to the Committee?

سینیٹر محسن عزیز: آپ کی بڑی مہربانی، وزیر صاحب آ جائیں تو بات بھی کر لیتے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! Communication کی کمیٹی کو refer کریں۔ سارا سٹاف آیا ہوا ہے۔ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

سینیٹر محسن عزیز: میں یہاں پر جو چاہتا ہوں اپنے صوبے کی بات کرتا ہوں۔ میں اپنے صوبے کے لوگوں کی تکلیف کی بات کرتا ہوں۔ ویسے دل خفا اس پر ضرور ہوتا ہے۔ صدیقی صاحب صرف ایک سیکنڈ مجھے دے دیں۔ دیکھیں ایک فیض احمد فیض چوک سے لے کر ایئرپورٹ تک اٹھارہ ارب روپے سے ایک میٹرو بنائی گئی، اس میں بسیں ڈالی گئیں اور میں نے کئی مرتبہ بات کی کہ وہ بسیں ہر دس منٹ کے بعد چلتی ہیں اور خالی چلتی ہیں، اس کو آج بند کر دیا گیا ہے۔ وہ بھی میرا یک question ہے کہ پہلے اٹھارہ ارب روپے لگے، optic ضرور ہے کہ واہ واہ کس نے بنایا، واہ وہ بہت مزے دار چیز بنائی۔ لیکن وہ چیز خراب ہو گئی اور وہ دو سال بھی نہیں چلی، اس کے بعد وہ بند ہو گئی۔ اب ایک طرف یہ ہم دیکھتے ہیں اور دوسری طرف یہ disparity دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی پچھلے تین سال سے request کر رہا ہے، question ڈال رہا ہے، اس ایوان میں بات کر رہا ہے اور وہ نہیں ہوتی اس لیے بالکل آپ کی مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کمیٹی کو refer ہو گیا ہے، ان شاء اللہ وہ کمیٹی دیکھے گی۔

The calling attention notice is disposed of. There is another calling attention notice at Order No.11 in the name of Senator Abdul Shakoor Khan Sahib. Please raise the matter.

<u>Calling Attention Notice raised by Senator Abdul Shakoor Khan regarding inordinate delay in execution of the project regarding provision of gas supply to Tehsil Gulistan, Qilla Abdullah, Balochistan</u>

سینیٹر عبدالشکور خان: بہت شکریہ، جناب چیئرمین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عبدالشکور صاحب، آپ کی گفتگو سے پہلے وزارت پٹرولیم کی طرف سے ایک request آئی ہوئی ہے چونکہ concerned Minister جو ہیں

وہ available نہیں ہیں تو وہ چاہتے ہیں کہ اس کو ان کی موجودگی میں take up کیا جائے تاکہ وہ respond کر سکیں اور بتا سکیں۔ اگر آپ اجازت دیتے ہیں تو اس کو ہم defer کر دیں۔

سینیٹر عبدالشکور خان: جناب چیئرمین! میری گزارش یہ تھی کہ میں تھوڑا اسے بیان کر لوں اور پھر اگر اس کو کمیٹی کو بھیج دیں۔ میرے خیال سے وہ زیادہ بہتر رہے گا۔ یہ ایک درینہ مسئلہ ہے، کمیٹی میں جائے گا تو سارے معاملات بالکل کھل کر آئیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، آپ بولیے، آپ بولیے۔ آپ briefly بتائیے اس میں کیا کہنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر عبدالشکور خان: چیئرمین صاحب! میرا نوٹس تحصیل گلستان میں گیس کے حوالے سے ہے۔ 2014 میں ہمارے علاقے کے قومی مشر جناب محمود خان اچکزئی نے تحصیل کے حوالے سے گیس کی ایک درخواست کی تھی، اس وقت میاں نواز شریف صاحب وزیر اعظم تھے۔ محمود خان صاحب نے وزیر اعظم صاحب کو direct request کی تھی تو وزیر اعظم صاحب نے اس کی منظوری دی اور چھ مہینے میں اس کا کام بھی شروع ہو گیا اور پائپ بھی زمین کے اوپر رکھے لیکن under ground نہیں ڈالے۔ یہ کام تقریباً ایک سال تک چلتا رہا۔ ایک سال کے بعد 2015 میں یہ کام رک گیا۔ اب ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ پوری تحصیل کی گیس اور اس کی بڑے پیمانے پر منظوری بھی ہوئی۔ وزیر اعظم صاحب خود کوئٹہ آئے تھے اور اس کا سنگ بنیاد بھی انہوں نے رکھا۔ میری یہ درخواست ہے کہ یہ کام اب تک کیوں نہیں مکمل ہو رہا۔ میری درخواست ہے اگر اس کو کمیٹی میں بھیج دیا جائے تاکہ اس پر کام کر سکیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس کو وہاں پر دیکھ لیں گے ان کے آفیسر بھی ہوتے ہیں اور وزیر صاحب بھی کمیٹی میں ہوتے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Now we may start the discussion on Balochistan. Honourable Minister Sahib was here. Has he left?

منسٹر صاحب ایوان کا جو concern ہے اسے سنیئے اور پھر respond کر کے تشریف لے جائیں۔ کامران صاحب آپ ضرور بولیے مگر آپ ایک منٹ مجھے دیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ وزیر صاحب موجود ہیں یہ کل کوئٹہ بھی تھے، ایپکس کمیٹی میں بھی تھے جو حالات و واقعات وہاں ہوئے ہیں اس پر،

اور حکومت کیا کرنے جا رہی ہے، اس پر ایوان کا جو concern ہے اور اس پر ان کی جو معروضات، تفصیلات اور گزارشات ہیں جو کچھ ہیں وہ سن لیتے ہیں۔ آپ ضرور ایک منٹ لے لیجئے اس کے بعد پھر وزیر صاحب بات کر لیں۔ سینیٹر جان صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: کل ایپکس کمیٹی، ایپکس کہتے ہیں، شاید کوئٹہ میں ایپکس کمیٹی کا اجلاس تھا۔ میری pronunciation بھی ٹھیک نہیں ہے کیونکہ مجھے اس کا مطلب نہیں آتا اس کے پیچھے کوئی legal sanction نہیں ہے۔ میں جاننا یہی چاہ رہا تھا کہ ایپکس کا مطلب کیا ہوتا ہے، کوئی انگریزی دان شاید بیٹھا ہو جو مجھ سے اچھی انگریزی جانتا ہو تو وہ ایپکس اس پارلیمان سے بھی ایپکس ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ہاں، آگے چلیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! یہ آپ کی ruling ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آگے چلیں، میں گھڑی دیکھ رہا ہوں کہ آپ کے 35 سیکنڈ ادھر ہی گزر گئے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اچھا ایک اور بات، اس ایپکس کمیٹی نے اختر مینگل کو بھی بلوایا تھا انہوں نے جواب میں کہہ دیا شاید اس وقت کوئی proper جواب نہیں دیا۔ ویسے کہنا تو یہ چاہیے تھا کہ اس کے پیچھے کیونکہ کوئی legal sanction نہیں ہے اس لیے میں نہیں آتا۔

Mr. Presiding Officer: Ok.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: ایک اور چیز چونکہ اس کے بعد انہوں نے بولنا ہے اور میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ میں صرف ایک منٹ لوں گا۔ جس دن یہ ایپکس کمیٹی کا اجلاس تھا اس دن نو لاشیں اور گرائی گئیں، چھ لاشیں ایک جگہ اور تین لاشیں ایک جگہ پر۔ یہ تحفہ دیا ایپکس کمیٹی نے بہت شکریہ۔ ایک منٹ سے زیادہ نہیں لیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر جان صاحب چونکہ آپ کل سے کوشش کر رہے ہیں۔ آپ briefly kindly دو سے تین منٹ لیجئے گا تاکہ ہم وزیر صاحب سے response لے لیں۔

Further discussion on the recent deteriorating law and order situation in Balochistan resulting in loss of precious lives of civilians and law enforcement agencies’ personnel

Senator Jan Muhammad

سینیٹر جان محمد: مہربانی جناب! آپ کی بڑی مہربانی۔ بلوچستان میں گزشتہ کئی سالوں سے اس حوالے سے جو واقعات ہوئے ہیں، 25 اور 26 اگست کے درمیان جو کچھ ہوا وہ میڈیا پر، انٹرنیشنل میڈیا پر اور سوشل میڈیا پر نظر آ جاتا ہے۔ موسیٰ خیل میں جو واقعات ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ان واقعات نے بلوچستان کا جمہوری، سیاسی، انسانیت پسندی اور امن دوستی کا جو چہرہ تھا اسے مسخ کر دیا ہے۔ چونکہ اس طرح کے واقعات قابل مذمت ہوتے ہیں اور کسی طور پر بھی قابل قبول نہیں ہوتے تو ایسے واقعات سے بڑے منفی اثرات پڑتے ہیں اور ظاہر ہے یہ منفی اثرات پورے ملک میں جہاں جہاں دوسری اقوام متاثر ہوتی ہیں وہاں اس کا negative message جانا شروع ہو جاتا ہے اور ہمیں افسوس ہوتا ہے کہ ہمارا میڈیا، ہمارے social media کے لوگ، ہمارے بڑے بڑے دانشور لوگ اور سیاسی جماعتوں کے لوگ بھی اسی طرح ان معاملات کو دیکھتے ہیں۔ میں تو اسے یوں دیکھتا ہوں کہ ایسے واقعات پر ہمیں نظر رکھنی چاہیے کہ واقعتاً اس کے پیچھے کیا سوچ ہے، کیوں اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں جو اقوام کو لڑاتے ہیں۔ جہاں تک میں بلوچ کو، ان کی نفسیات کو، ان کی سیاست کو اور ان کی انسانیت دوستی کو جانتا ہوں تو وہ یہاں تک کہتے ہیں کہ اگر کسی غریب پر کسی نے ہاتھ اٹھایا تو وہ کہتے ہیں یہ بلوچ نہیں ہے۔ خواتین پر غلط نظر رکھی تو کہتے ہیں کہ یہ بلوچ نہیں ہے، کسی کی عزت نہیں کی تو کہتے ہیں کہ یہ بلوچ نہیں ہے۔ بلوچ کا اپنا ایک code of conduct ہوتا ہے جسے ہم بلوچ کہتے ہیں۔ یہاں تو ہمیں بلوچی کہا جاتا ہے لیکن ہم جسے بلوچ کہتے ہیں اس کا اپنا ایک code of conduct ہے یعنی غیرت، جرات، انصاف، راست گوئی یہ ساری چیزیں اس میں آتی ہیں۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو کچھ ہوا انتہائی قابل نفرت ہے اور اس کی تحقیقات ہونی چاہییں کہ یہ کس نے کیا اور یہ کیوں کیا گیا۔ واقعتاً ہم جن پر الزام لگا رہے ہیں کیا یہ وہی لوگ ہیں، جنہیں ہم موردالزام ٹھہرا رہے ہیں کیا یہ وہی لوگ ہیں؟ کیا انہوں نے ایسی کوئی قبولیت کی ہے تو ایسا کچھ نظر نہیں آ رہا ہے۔ بلوچستان میں اس وقت جو آگ لگی ہے یہ جنرل مشرف نے لگائی اور وہ

آگ اب تک لگی ہوئی ہے جس میں لوگ جل رہے ہیں۔ اس میں بلوچستان کے نوجوان جل رہے ہیں، بلوچستان میں کاروبار تباہ ہے، اس سے بلوچستان کے عام لوگ جل رہے ہیں، بلوچستان میں امن وامان نہیں ہے، ساری صورت حال گھمبیر ہو گئی ہے اور سیاست بھی اس کی نذر ہو گئی ہے۔ اس صورت حال میں ہمارا بڑا واضح اور clear موقف رہا ہے۔ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں APS واقعے کے بعد جب اسلام آباد میں ایک ساتھ بیٹھیں، جس میں PTI, مسلم لیگ، پیپلز پارٹی، جمیعت علمائے اسلام، نیشنل پارٹی، BNP تمام جماعتیں تھیں، آپ کی سول اور ملٹری بیوروکریسی تھی، یعنی پاکستان کی پوری طاقت ایک ساتھ تھی اور انہوں نے ایک واضح فیصلہ کیا، وہ واضح فیصلہ انہوں نے National Action Plan کے تحت کیا وہ کوئی عام فیصلہ نہیں تھا۔ اس میں انہوں نے بعض علاقوں میں آپریشن کی بات کی۔ بلوچستان میں انہوں نے ایک واضح پیغام دیا کہ وہاں پر dialogue کیا جائے گا۔ بلوچستان میں بات چیت کی جائے گی۔ اس وقت جو لوگ بلوچستان میں مزاحمت کر رہے ہیں ان کے ساتھ رابطہ کیا جائے گا اور ان سے بات کی جائے گی، وہ بات کہاں تک گئی اس کا آپ کو بھی علم ہے، مجھے بھی علم ہے۔ اس وقت بلوچستان میں نیشنل پارٹی، پشتونخوا میپ اور مسلم لیگ کی حکومت تھی۔ یہ بات آگے بڑھائی گئی لیکن پھر اچانک جیسے ہی ڈاکٹر مالک کی حکومت ختم ہوئی تو یہ بات وہیں پر رک گئی۔

اس کے بعد جو کچھ ہوا، اس کے بعد ایک نئی پالیسی آئی، پھر وہی پرانی پالیسی آئی۔ بات چیت کا راستہ روکا گیا، نہ صرف بات چیت کا راستہ روکا گیا بلکہ بلوچستان میں جو political engineering کی گئی اس نے ان معاملات کو اور پیچیدہ بنا دیا۔ اب تو صورت حال اتنی گھمبیر ہو گئی ہے کہ کوئی بات کرنے کو تیار نہیں ہے۔ ہم جو جمہوریت کی بات کرتے ہیں، ہم جو جمہوری سیاست کی بات کرتے ہیں کوئی ہم پر اعتماد کرنے کو تیار نہیں ہے۔ ہمارے انتخابی عمل پر بلوچستان کے نوجوان، بلوچستان کے لوگ اعتماد اور باور کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ وہ سوچتے ہیں کہ آپ لوگ اتنی نعرے بازی کرتے ہیں، الیکشن ہو جاتا ہے تو اس کا نتیجہ کچھ اور نکلتا ہے۔ الیکشن میں ٹھپے مارے جاتے ہیں، ووٹ ایک کو پڑتے ہیں اور کامیاب دوسرے ہوتے ہیں اور واقعتاً یہ ہوا ہے۔ 2018 اور 2024 کے انتخابات نے بلوچستان کی صورت حال کو اور زیادہ سنگین بنا دیا ہے، اب کوئی ہم پر اعتماد کرنے کو تیار نہیں ہے۔

ہمارے پاکستان کے حکمران اگر یہ سوچتے ہیں کہ بلوچستان کو طاقت کے ذریعے ٹھیک کیا جائے گا، اگر وہ سوچتے ہیں کہ بلوچستان میں فوجی آپریشن سے معاملات حل کیے جائیں گے تو میں آپ کو ایک بات بڑی واضح طور پر معذرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ آج ہم یہاں ہیں، کل اگر آپ آپریشن کریں گے، بلوچستان کی ایک بھی سیاسی جماعت آپ کے ساتھ نہیں بیٹھے گی کیونکہ یہ غلطیاں تو آپ لوگ کر رہے ہیں۔ بلوچستان کو آپ نے یہاں تک تو پہنچادیا ہے۔ 18 سال سے وہاں پر آپریشن ہو رہا ہے اور کتنے آپریشن کریں گے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس بارے میں بات کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ جب ہم کہتے ہیں کہ مذاکرات کریں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ ہم کس سے مذاکرات کریں، ہم سے کوئی بات کرنے کو تیار نہیں ہے تو یہ بات صحیح ہے۔ آپ سے بات کرنے کو کوئی کیوں تیار نہیں ہے؟ اس لیے تیار نہیں ہے کیونکہ آپ پر اعتماد اٹھ چکا ہے۔ آپ اعتماد بحال کریں۔ آپ credible لوگوں کی کمیٹی بنائیں، آپ بااختیار Parliamentarians کی کمیٹی بنائیں۔ کمیٹیاں بنی ہیں، آپ جیسے لوگوں نے کمیٹیاں بنائی ہیں اور ان کی reports بھی بنائی ہیں لیکن پھر ان reports کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا گیا ہے۔ یہ تجربات ہیں۔ جب بار بار آپ کے تجربات غلط ہوں تو لوگ آپ پر اعتماد نہیں کریں گے۔ آپ نے سیاسی engineering کرکے اس پوری عمارت کو گرادیا ہے۔ لوگ آپ اور ہم پر اعتماد نہیں کرتے ہیں اور یہ جو آپریشن کی بات ہے میں اس بارے میں دوبارہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپریشن کا نہ سوچیں، اگر آپ آپریشن کا سوچتے ہیں تو اس وقت بلوچستان کی تمام جمہوری سیاسی جماعتیں اگر آپ کے ساتھ بیٹھی ہوئی ہیں تو ان میں ایک بھی آپ کے ساتھ نہیں بیٹھے گی جس میں سب سے پہلے میں ہوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، جان محمد صاحب۔

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! آپ مجھے ایک منٹ اور دیں، میں اپنی تجاویز پیش کردوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جان محمد صاحب میری بات سن لیں، اگر تقاریر جاری رکھنا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے but Minister Sahib has to go اگر آپ منسٹر صاحب کو موقع دے دیتے ہیں۔

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! آپ مجھے ایک منٹ دیں، میں اپنی تقریر wind-up کر لیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اب بہت ہو گیا ہے، آپ 9 منٹ بول چکے ہیں، کافی ہو گیا ہے۔ جی معزز وزیر صاحب آپ اس پر respond کیجیے۔

Senator Azam Nazeer Tarar

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ایک تجویز یہ ہے کہ میں بیٹھا ہوا ہوں، میری عرض سن لیں، آپ نے خود حکومتیں چلائی ہیں، جو حالات بنے ہوئے ہیں ایک pre-arranged meeting ساڑھے بارہ بجے کی ہے اس میں ابھی انہوں نے جا کر تمام participants کو briefing دینی ہے۔ میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ میں موجود ہوں، پرسوں یہ خود آ جائیں گے، conclude ہونے پر یہ سارا بتائیں گے کہ انہوں نے کیا کچھ کیا ہے۔ جو جو دوست بولنا چاہتا ہے وہ آج بھی بولیں اور Monday کو بھی بولیں it is a sensitive issue sir ہم اسے جلد بازی میں نہیں کر سکتے۔ آپ انہیں دو منٹ کے لیے سن لیں۔

Statement by Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Federal Minister for Interior

سینیٹر سید محسن رضا نقوی (وفاقی وزیر داخلہ): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سب سے پہلے میں مرتضیٰ بھائی کی بات کا جواب دے دوں کہ Apex Committee جو بھی National Action Plan کے فیصلے ہوئے تھے، ان کو review کرتی ہے، صوبوں کے ساتھ coordination کرتی ہے، وفاقی حکومت کے محکموں کے ساتھ coordination کرتی ہے۔ پارلیمنٹ سپریم ہے، سپریم رہے گی، اس میں کسی کو کوئی شک نہیں ہونا چاہیے۔ پہلی بات۔ جہاں تک legal کی بات ہے تو اس کا جواب تارڑ صاحب دے دیں گے۔

دوسری بات، جمالی صاحب جو آپ نے کی، کوئی آپریشن نہیں ہو رہا۔ کل پرائم منسٹر صاحب کوئٹہ میں موجود تھے۔ ان کی بڑی تفصیل سے stakeholders کے ساتھ، سیاسی جماعتوں کے ساتھ میٹنگ ہوئی، ڈاکٹر عبدالمالک صاحب کے ساتھ میٹنگ ہوئی، باقی سارے لوگوں کے ساتھ میٹنگ ہوئی۔ اس میں detail میں فیصلہ ہوا، ان کی رائے بھی لی، انہوں نے ان کو feedback

بھی دیا، سارا کچھ ہوا۔ جو لوگ ریاست کو مانتے ہیں، پاکستان کو مانتے ہیں، ان کو ہم اپنے سر پر بٹھائیں گے، وہ ہمارے لیے بہت محترم ہیں، ان کے differences ہو سکتے ہیں، ہم ان کو address کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ جو لوگ ریاست کو نہیں مانتے، بندوق اٹھاتے ہیں، وہ ہمارے لیے دہشت گرد ہیں اور ان کا ہم بندوبست کریں گے۔ اس میں clarity ہونی چاہیے اور جو state کے خلاف جائے گا، اس پر ہم سب کو اکٹھا ہونا چاہیے۔

جہاں تک رہی بات بلوچستان کے مسائل کی، کل پرائم منسٹر نے پانچ ارب روپے ان کی CTD کے لیے مختص کیے ہیں جبکہ آٹھ ارب روپے ان کے ڈویژنز کے لیے، ہر ڈویژن کے لیے ایک ایک ارب روپے علیحدہ مختص کیا ہے جو صرف وہاں کے local MNAs اور MPAs کے ساتھ مل کر، وہاں کے جو چھوٹے چھوٹے مسائل ہیں، ان کو حل کریں گے۔ وہاں پر سب سے بڑا مسئلہ سرکاری افسران کی، جو وفاقی حکومت کے نمائندے ہیں، shortage ہے۔ کل اس کی پالیسی کا اعلان ہوا ہے۔ تقریباً تیس سے چالیس افسران فوری طور پر وہاں پر جا رہے ہیں۔ اگلے دس پندرہ دنوں کے اندر وہ چلے جائیں گے۔ اس کے علاوہ تقریباً ایک درجن سے زیادہ فیصلے ہوئے۔ میں پچھلے تین چار دنوں میں دو مرتبہ وہاں گیا۔ ان کے چھوٹے چھوٹے مسائل تھے، ہم نے وہ سارے address کرنے کی کوشش کی ہے۔

یہ جو واقعہ 26 کی رات کو ہوا ہے، یہ normal واقعہ نہیں ہے۔ اس کے پیچھے پوری planning ہوئی ہے۔ صرف ایک body نے نہیں بلکہ ایک دو دہشت گرد تنظیموں نے مل کر کیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں، خواجہ آصف صاحب بھی پہلے کہہ چکے ہیں، ہمیں بالکل clear links پتا ہیں کہ اس کے پیچھے کون ہے۔ ہمیں یہاں تک پتا ہے کہ SCO کانفرنس کو خراب کرنے کے لیے بھی انہوں نے ایک planning کی ہے۔ ہم اس کانفرنس کو اکتوبر میں host کر رہے ہیں جبکہ بہت سارے لوگوں کو اس کی تکلیف ہے کہ وہ نہ ہو۔ اس کانفرنس کے خلاف بھی ایک سازش ہے۔ ہم حتی الامکان کوشش کریں گے کہ جتنے ہمارے political stakeholders ہیں، جس طرح آپ نے کہا، ہم ان کو on board کریں گے۔ کل اس کی ایک کاوش تھی۔ اگر آپ feedback لیں گے تو وہ ایک بہت اچھی میٹنگ ہوئی ہے لیکن یہ clarity ہے کہ جو مرضی ہو، جس نے بندوق اٹھائی ہے، اس کا بندوبست کریں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لیڈر آف دی اپوزیشن۔

Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition

سینیٹر سید شبلی فراز: وزیر قانون صاحب کے لیے انتہائی ادب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یا تو یہ Law Ministry کے عہدے کو overestimate کر رہے ہیں یا یہ اپنی capabilities کو overestimate کر رہے ہیں۔ جناب! میں یہ کہتا ہوں کہ ہر بندے کی اپنی ایک منسٹری ہے۔ جب concerned منسٹری اس کا جواب دے گی، وہ اور ہوگا اور جو آپ دیں گے، وہ اور ہوگا۔ ایک چیز spanner ہوتا ہے، جو ہر جگہ استعمال ہوتا ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شبلی صاحب! آپ مناسب گفتگو کیا کریں۔ آپ یہ سارا کچھ اپنے پاس رکھیں۔ You don’t have right to say personal things.

سینیٹر سید شبلی فراز: کونسی personal things ہیں؟ میں نے آپ کے آفس کی بات کی ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ نے motion یا جو بھی دینا ہے، دیں but you don’t have right to talk about personal issues. I have very serious reservations on this. آپ کو اختیار مل گیا ہے، آپ کا جی چاہے جس کی پگڑی اچھال دیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ کیا کر رہے ہیں؟ آپ دو منٹ میں اٹھ جاتے ہیں۔ آپ کا استحقاق ہی نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تارڑ صاحب! پلیز تشریف رکھیں۔ شبلی صاحب! آپ بولیے۔ Come to the issue.

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! میری بات سنیں۔ دیکھیں، یہ بڑا serious issue ہے۔ ابھی وزیر داخلہ صاحب کی باتیں ہم نے سنیں۔ ہمارے اس ہاؤس کے اراکین صوبوں کے نمائندے ہیں۔ ہم constituencies کے نمائندے نہیں ہیں جس طرح کہ قومی اسمبلی کے اراکین ہیں۔ ہم صوبوں کے نمائندے ہیں۔ It happens so کہ اس میں ہر صوبے کے اراکین بیٹھے ہوئے ہیں، بلوچستان، خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ سے۔ اب اس وقت ہمارے ملک کو جو واقعات درپیش

ہیں، بالخصوص صوبہ بلوچستان کو تو میں وزیر داخلہ صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا تھا کہ انہوں نے ایک statement دی کہ یہ ایک ایس۔ایچ۔او کی مار ہے۔اس کے بارے میں ہم جاننا چاہتے تھے کہ ہوسکتا ہے these words contain a wisdom and may be these are beyond our comprehension. نمبر ایک۔

نمبر دو، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ دہشت گردی اور خاص کر تحریک انصاف، ہم دہشت گردی کو in all its forms condemn کرتے ہیں۔اس میں کوئی دوسری رائے نہیں۔انہوں نے ایک دو پریشان کن باتیں کیں اور وہ یہ کہ جو لوگ بندوق اٹھاتے ہیں۔ بالکل، ہم مانتے ہیں، وہ تو ٹھیک ہے۔اس کے ساتھ کہا گیا کہ جو لوگ پاکستان کو نہیں مانتے، وہ بھی ٹھیک ہے لیکن اس کا فیصلہ کون کرے گا۔بندوق والا تو آپ نے identify کرلیا۔یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ہم political جدوجہد میں یقین رکھتے ہیں۔ہم arms یا کسی بھی قسم کی دہشت گردی کی بنیاد پر اپنے political cause کو حتیٰ کہ اپنے rights کی بھی justification نہیں دیتے۔یہ بات تو طے ہوگئی لیکن یہ طے کرنا کہ کون پاکستانی ہے اور کون پاکستانی نہیں ہے۔یہ ایک بڑا سوال ہے جس پر میں چاہوں گا کہ ہمارے ANP کے سربراہ، سینیٹر ایمل ولی خان، روشنی ڈالیں اور باقی جو ہمارے یہاں بلوچستان کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔

دیکھیں جناب! یہ ایشو اتنا simple نہیں ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ بلوچستان بدل چکا ہے۔ بلوچستان کی population بدل گئی ہے۔اب وہ زیادہ aware ہیں۔وہاں پر young لوگوں کے کچھ مسائل ہیں۔ بجائے اس کے کہ ہم پانچ ارب اِس کے لیے اور دس ارب اُس کے لیے دیں، ہمیں چاہیے کہ ہم وہاں کے actual stakeholders کو on board لیں کہ بھئی، یہ کیا مسئلہ ہے کہ وہاں بلوچستان میں کچھ عرصے کے بعد اس طرح کی activity ہو جاتی ہے۔یہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ بلوچستان being part of Pakistan and being the biggest province of Pakistan ہمارا بین الاقوامی image بہت برا جاتا ہے کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔وہ یہ تو نہیں دیکھتے کہ بلوچستان دور ہے یا اس کے کچھ اور حالات ہیں اور صرف پشاور، لاہور اور کراچی، پاکستان ہے۔ جناب! ایسا نہیں ہے، وہ صوبہ پاکستان کے map پر ہے۔ لہٰذا، آپ کو اس ایشو کو politically حل کرنا ہوگا۔وہاں کے لوگوں کو engage کرنا ہوگا، تب یہ مسائل حل ہوں گے

ورنہ اس موقع پر اگر آپ reinforce کرتے ہیں کہ جی، ہم نے وہاں بیورو کریٹس بھیج دیے، اس طرح بات نہیں بنے گی۔ بیورو کریٹس وہاں پر کیوں نہیں جاتے؟ پہلے جاتے تھے، بڑے بڑے remote areas میں جاتے تھے لیکن اب نہیں جاتے ہیں۔

اگلی بات، جو کچھ for example ڈیرہ اسماعیل خان میں ہوا ہے، آپ نے خبر پڑھی بھی ہو گی کہ تین بھائیوں کو دن دیہاڑے اٹھا کر لے گئے۔ اس میں ایک senior Army officer بھی ہے لیکن ہم ان کو as a citizen دیکھتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اگر ملٹری میں ہے تو اور بھی زیادہ concern ہے۔ اگر کسی پولیس والے کو مار دیا جائے جس طرح کچے میں ہوا، وہ زیادہ پریشان کن ہے بہ نسبت کسی اور کے۔ جان سب کی برابر اور قیمتی ہے لیکن depend کرتا ہے کہ وہ کون لوگ ہیں۔ ایسے حالات میں جو ایک air of uncertainty ہو گئی ہے، چاہے وہ TLP ہو، چاہے کوئی بھی outfits ہوں، ہم نے، ہماری پارٹی نے، اس دن ایمل ولی صاحب نے بھی بات کی، آپ نے بھی شاید بات کی کہ ہم ان terrorists کو کس طرح deal کریں۔ بڑے عرصے تک ہمارے ملک کے جو حالات تھے، اس میں اچانک اس قسم کی چیزیں ہوئیں کہ جس میں اس وقت کی جو بھی military establishment and the political government تھی، اس وقت ہماری حکومت تھی، ان کے ساتھ engage کیا۔ افغانستان کو engage کیا because whether we like it or not وہ ہمارے neighbours ہیں۔ ہمارا اگر ادھر بھی مسئلہ ہے اور ہمارا India کے ساتھ بھی مسئلہ ہے، ایران کے ساتھ تو کبھی بہتری بھی ہو جاتی ہے لیکن وہاں سے بھی missile آئے اور پھر یہاں سے بھی گئے۔ This is not good for the Country اس سے ہمارا trade متاثر ہوتا ہے۔ اس وجہ سے ہمارا ملک ہمیشہ Internationally negative news میں آتا ہے۔ ہماری investments economically effect ہوتی ہیں تو ہمیں ہر ایک واقعہ کو بہت سنجیدگی سے لینا چاہیے اور اس کی ہمیں ایک ایسی حکمت عملی بنانی چاہیے جو کہ ہم نے بنائی تھی کہ جو لوگ وہاں پر گئے۔ اب آپ مجھے بتائیں دو سال ہو گئے ہیں Bilawal Bhutto Chairman PPP Foreign Minister تھے انہوں نے ایک بھی دورہ Afghanistan کا نہیں کیا۔

ہمارے current Foreign Minister انہوں نے ابھی تک ایک بھی دورہ نہیں کیا۔ ہم کیا چاہ رہے ہیں۔ ہم across the border کیسے control کریں گے جب کہ وہ حکومت supposedly ان کو patronize کر رہی ہے۔ اگر ایسا ہو رہا ہے تو we have to engage rather than saying کہ ہم ان کے ساتھ نہیں کریں گے۔ آپ نے ان کے ساتھ diplomatic blackout کیا ہوا ہے۔ یہ ان کے لیے نہیں ہے اس میں ہمارا interest ہے، ہمارے ملک کے interest میں ہے کہ ہم اپنے Western borders کو pacify کریں۔ ان کو engage کریں کم از کم یہ تو نہیں ہے کہ ان کے ساتھ بھی ہم نے سینگ اڑا لیے ہیں اور وہ جو دہشت گردی یہاں پر آ کر کرتے ہیں وہ بھی supposedly ان کے ملک میں ہے۔

اٹھارہ سو کلومیٹر approximately پتا نہیں کتنا difficult terrain ہے ہم نے تو اس کو politically handle کرنا ہے by force یہ نہیں ہو سکتا۔ So, we have to engage rather than confront ایسی صورتحال میں ہم سمجھتے ہیں کہ اس میں بہت ضروری ہے کہ اس کا ایک holistic view لیا جائے، کچھ مشورے لیے جائیں Apex Committee ہو یا کوئی بھی Committee ہو وہ جب تک اصل issues پر concentrate نہیں کرے گی اور صرف طاقت پر concentrate کرے گی نتائج ہمارے سامنے ہیں۔ کافی colleagues نے بات کی اس کے نتائج اچھے نہیں ہیں اور نہ ہی ہو سکتے ہیں۔ ہر چیز چاہے وہ World War ہو یا کوئی بھی war ہو آخر میں وہ گفتگو اور table talks پر ہوتی ہے۔

تو اس پہلو کو، ہمارے Foreign Minister should be more proactive انہوں نے engage کرنا ہے، مسئلہ ہمارا ہے۔ ہمارے لیے بنا ہوا ہے اس میں ego کی کوئی بات نہیں ہے جو مسائل بنے ہوتے ہیں، ابھی کسی نے خوب کہا تھا شاید آپ نے ہی کہا ہے یا کسی اور نے کہا کہ حکومتوں کے دل بڑے ہونے چاہیں اور حکومتیں نہ انتقام میں believe کرتی ہیں اور نہ ہی ان کو کرنا چاہیے۔ وہ پاکستان کی عوام کی ذمہ داری نبھا رہی ہوتی ہیں۔ میں اور کوئی باتیں نہیں کرنا چاہتا لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ دیکھیں آپ صرف ایک uni-

dimensional بات نہ کیا کریں کہ جی ہم نے اتنے پیسے دے دیے، اتنا یہ کر دیا، ادھر یہ ہو جائے گا، یہ SHO کی مار ہے، یہ فلانے کی مار ہے۔ یہ بلکل ایسے ہے جیسے آپ سورج کو اپنے ہاتھ سے روکنے کی کوشش کر رہے ہوں۔ یہ بہت سنجیدہ مسئلہ ہے اور اس پر ہمیں پوری سنجیدگی کے ساتھ کام کرنا چاہیے اور مجھے افسوس ہے کہ یہ debate ہونے نہیں دی گئی یا کم از کم اس میں کوئی نظر نہیں آرہا۔ Interest نظر نہیں آرہا کہ کون سی important چیز ہو سکتی ہے۔ ہم نے اپنے آپ کو عزت خود ہی دینی ہے کوئی اور ہمیں نہیں دے گا، عزت کوئی gift نہیں کرتا تو اب منسٹر صاحب چلے گئے ہیں۔ یہ بہت important issue ہے اس کا ایک صوبے سے تعلق ہے اس پر ہم suggestions دے سکتے ہیں کہ اس کو آپ نے کس طریقے سے handle کرنا ہے کیونکہ یہاں پر collective wisdom ہے اور جو ہمارا کام ہے to guide, to suggest سب کے خیالات کو آگے لے کر جائیں۔ میں یہی کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اس کو seriously لیں اور اس کو ایک خاص agenda پر رکھیں۔

Mr. Presiding Officer: Senator Umer Farooq, try to be brief as you have committed, you have asked only for two minutes.

Senator Umer Farooq

سینیٹر عمر فاروق: بہت شکریہ! ایک سال تک آپ باری نہیں دیتے اور پھر دو منٹ میں ہم wind up کریں چلیں کوشش کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کی تحریر میرے پاس موجود ہے۔

سینیٹر عمر فاروق: بلوچستان کے مسئلے پر مذمت کرنے سے پہلے تو میں House کے ان حالات پر مذمت کرتا ہوں کہ یا تو اگلی seats والے ہی بات کرتے ہیں اور یا جب اس طرح کے serious issues آتے ہیں تو اس میں ہمارے جو ذمہ دار لوگ ہیں وہ تو موجود ہی نہیں ہوتے۔ میرے خیال سے ہمیں ان کی توجہ بھی نہیں چاہیے کیونکہ یہ issue بلوچستان کا ہے اور بلوچستان ان کے حصول یا قبضے میں نہیں ہے۔ جب سے پاکستان بنا ہے بلوچستان کسی اور کے ہاتھوں میں ہے وہاں کے تمام فیصلے کوئی اور کرتا ہے۔ بلوچستان میں ایک دن میں ایک bomb blast میں ہزارہ برادری کے دو سو لوگ بھی شہید ہوئے ہیں۔ اس بارے میں آج تک کچھ نہیں ہوا۔

ہم جو یہ حالات بتا رہے ہیں کہ یہ ہوا ہے اس بارے میں ہم کس سے پوچھیں۔ ہمیں تو ان ذمہ دار لوگوں کو بلانا چاہیے جو اس وقت بلوچستان پر قابض ہیں اور وہ اسے چلا رہے ہیں۔ ہم نے پچھلے پندرہ بیس سالوں سے وہاں پر FC کو بٹھایا ہوا ہے تو ہم کم از کم IG FC کو بلائیں کہ ہمیں بتائیں کہ آپ کس چیز کے لیے وہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمیں تو وہاں کے اداروں کو بلانا چاہیے کہ Corps Commander صاحب یہاں Senate میں آئیں اور ہمیں تفصیل بتائیں کہ بلوچستان آپ کے ہاتھوں سے کیوں نکل رہا ہے۔ ہم نے بار بار اس چیز کی نشاندہی کی ہے کہ وہاں پر ہمارے سرکاری لوگ صرف پیسے وصول کر رہے ہیں۔ ہر post پر پیسے وصول ہو رہے ہیں کسی کے پاس بھی security دیکھنے کا وقت ہی نہیں ہے اور آج دوبارہ یہ بات repeat کی گئی ہے کہ ایک وقت پر مشرف نے کہا تھا کہ میں بگٹی کو وہاں سے hit کروں گا۔ آج اس وجہ ہم سے رو رہے ہیں۔

آج یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم ایک SHO کی مار ہیں، SHO کو چھوڑیں پہلے اپنی بکتر بند گاڑیاں تو کچے کے ڈاکوؤں سے لے کر آئیں۔ وہاں سے پہلے اپنا سر تو اونچا کریں، بارہ بارہ، تیرہ تیرہ Police Officers قتل کر رہے ہیں آپ لوگ اس بارے میں کیا کر رہے ہو؟ چلیں بلوچستان کو تو چھوڑ دیں وہ تو ان کے ہاتھ میں ہی نہیں ہے اس پر میں یہ بات کبھی بھی نہیں کرنا چاہوں گا۔ اگر آپ آج بھی ان لاشوں کی توہین کر رہے ہیں جو 26th August کو شہید ہوئے۔ یہ دو چار دن سے جو اجلاس چل رہا ہے یہ اس کی توہین ہے، اس لیے توہین ہے کہ آپ ان لوگوں کو بول رہے ہو جن کے ہاتھ میں کچھ نہیں ہے۔ آپ نے اگر بلوچستان کو جیسے شبلی صاحب نے کہا کہ اعتبار تو، نواب نوروز خان کو پہاڑ سے قرآن شریف اٹھا کر اتارا اس کے بعد بھی اس کو اور اس کے بیٹے کو پھانسی دی گئی تو ہم آپ پر اعتبار کریں، قرآن کے اوپر کیا چیز رہ جاتی ہے کہ ہم آپ پر اعتبار کریں یا وہ لوگ جو یہ کہہ رہے ہیں کہ فرق ہمیں معلوم ہے، فرق یہ ہے کہ جو پاکستان کو نہیں مانتا اور بندوق اٹھائی ہے وہ دہشتگرد ہے۔ ہم یہ نہیں چاہتے ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ اس کو دہشت گرد بنایا کس نے؟ وہ کیوں پہاڑ پر گیا؟ بلوچوں نے تو پاکستان کو تسلیم کیا تھا وہ تو پاکستان کا حصہ بن گئے تھے۔ آج وہ پہاڑ پر بیٹھ کر کیوں پاکستان کی مخالفت کر رہے ہیں؟

اس کا ذمہ دار آدمی آپ لوگ جب تک نہیں نکالیں گے، جب تک کس کی وجہ سے وہ لوگ وہاں بیٹھے ہیں اور کون سا ایسا کام ہوا ہے، تب تک آپ کا بلوچستان تو کیا پاکستان بھی ٹھیک نہیں

ہو سکتا۔ یہاں پر ہمارے وزرا آتے ہیں آج جو وزرا یہاں بیٹھے ہیں وہ کس طریقے سے آئے ہیں۔ وہ پہلے وزیر بنے پھر بعد میں سینیٹر بنے۔ اب ان کو بھی سننا پڑے گا یہ بہت غلط روایات ہیں ہمیں سن کر پھر جواب دیں۔ اعظم نذیر صاحب ہمارے محترم ہیں، ہمارے سینیٹر ہیں، ہمارے بھائی ہیں لیکن جو Ministry جس کے پاس ہے کم از کم وہ ہمیں جواب دہ ہو۔ بلوچستان میں صرف یہ issues نہیں ہیں میں نے پہلے بھی کہا کہ یہ پہلی دفعہ ان کو اتنی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑ رہا ہے۔ کل کی meeting کا یہ بتا رہے ہیں کہ تمام Parties وہاں موجود تھیں تو تمام Parties کی باتیں سامنے رکھیں کہ کس کس Party نے آپ کو کیا کہا ہے۔ اس میں سے زیادہ تر Parties جو جمہوری نظام کو مد نظر رکھتے ہوئے ان سب نے یہ demand کی ہے کہ سب سے پہلے ان کی نشاندہی کی جائے جن کی وجہ سے یہ حالات خراب ہوئے ہیں۔ مجھے سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ دو منٹ میں بات کرکے چلے گئے ہیں اور بہت satisfied تھے۔

بلوچستان کے ساتھ ابھی سے نہیں بلکہ 70 years سے ہو رہا ہے وہاں کے چیف منسٹر کے پاس اسسٹنٹ کمشنر کو تبدیل کرنے کا اختیار ہی نہیں ہے۔ وہاں پر وہ XEN لگا نہیں سکتا اور یہاں پر بہت سارے لوگ خوش ہیں کہ وہاں پر پتا نہیں کس Party کی حکومت ہے۔ بلوچستان میں آج تک کسی کی حکومت نہیں ہے وہاں پر بہت بڑے لوگوں کی حکومت ہے اور انہی لوگوں کو میں یہاں بلانا چاہتا ہوں۔ آپ کے اور اپنے دوستوں کے توسط سے میں یہ کہوں گا کہ IG, FC اور کور کمانڈر صاحب یہاں آئیں اور ہمیں بلوچستان کے بارے میں ذرا بتائیں۔ اگر آپ اسی طرح معاملات چلائیں گے تو پھر FC کو withdraw کریں اور آپ جو کہتے ہیں کہ وہاں parties معاملات چلا رہی ہیں تو معاملات انہی parties پر چھوڑیں کیونکہ پھر FC کی ضرورت نہیں پڑتی۔ میں نے یہ بات پچھلے ہفتے Standing Committee on Interior میں بھی بولی تھا کہ اگر آپ ڈیرہ اسماعیل خان کے راستے بلوچستان جاتے ہیں تو راستے میں پانچ یا چھ بجے کے بعد کوئی سرکاری افسر موجود نہیں ہوتا اور وہاں قمیض شلوار کے ساتھ white colour کے cheetah shoes پہنے ہوئے لوگ موجود ہوتے ہیں۔ ان کی نشاندہی پھر یہ افسران کر سکتے ہیں کہ یہ کون ہیں۔ پتہ نہیں سادہ وردی میں انہوں نے کن لوگوں کو ڈیوٹی پر لگایا ہوا ہے۔ پانچ بجے کے بعد یہ پورا راستہ بلوچستان تک ان کے حوالے کیا جاتا ہے اور پھر صبح نماز کے بعد چھ بجے ہمیں وردیوں میں ملبوس پولیس والے مل جاتے

ہیں۔ اب یہ نہیں پتہ کہ وہ دن میں وردی پہنے ہوتے ہیں یا رات میں سادہ لباس میں ہوتے ہیں۔ ان سب چیزوں کے بارے میں ہمیں کون بتائے گا؟ Leader of the House بیٹھے ہیں۔ ان کے ساتھ تین، چار ذمہ داریاں ہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ایک Leader of the House ہو جس کا آفس ہمیشہ کھلا ہو اور وہ موجود ہوں۔ ہمارے ہزاروں مسئلے ہوتے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ ان کے آفس میں بیٹھ کر ان سے بات کریں۔ اگر وہ نہیں آتے تو میں نے سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب کو یہ مشورہ دیا تھا کہ وہاں اسحاق ڈار صاحب کی ایک تصویر رکھ دیں تاکہ ہمیں تسلی ہو کہ وہ ہمارے ساتھ ہیں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر ضمیر حسین گھمرو۔

Senator Zamir Hussain Ghumro

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے یہ کہوں گا کہ بلوچستان پر جو discussion چل رہی ہے، یہ in-depth نہیں کیونکہ بلوچستان کا مسئلہ آج سے نہیں بلکہ 1947 سے ہے۔ سب کو پارٹی affiliation سے بالاتر ہو کر Balochistan issue کے causes and background کو دیکھنا چاہیے اور اس کے حل کے لیے recommendations دینی چاہییں اور یہی تین چیزیں ہیں۔ ہم ایک non-serious approach سے بلوچستان کے مسئلے کو دیکھ رہے ہیں کہ بس بلوچستان کو آٹھ یا دس ارب روپے چاہییں۔ بلوچستان کا مسئلہ 1947 سے ہے۔ میں سب سے پہلے بلوچستان کا historical background پیش کروں گا، اس کے بعد اس issue کے causes بتاؤں گا اور پھر recommendations دوں گا کہ بلوچستان کا issue آئینی طریقے سے کیسے حل کیا جا سکتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ سب آپ نے پانچ منٹ میں بتانے ہیں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جی میں کوشش کرتا ہوں۔ سب سے پہلے تو پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میں ہونے والی terrorism اور اس کی every form کو condemn کرتی ہے چاہے وہ martial law کی شکل میں ہو یا کسی دوسری شکل میں ہو۔ جنرل ضیاء کی دہشت گردی ہو یا جنرل مشرف کی، ہم ہی ان کا زیادہ شکار ہوئے ہیں۔ جنرل ضیاء کے martial law میں سندھ

متاثر ہوااور MRD میں ہمارے لوگ شہید ہوئے۔ جنرل مشرف کی حکومت میں بلوچستان متاثر ہوا اور محترم اکبر بگٹی کو شہید کیا گیا اور 2007 سے بلوچستان متاثر ہے۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ سادہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بالکل سادہ نہیں ہے۔ 1947 میں ملک کی partition ہوئی۔ اس کے بعد ملک کو آئین ساز اسمبلی نے بنانا تھا اور اسی آئین ساز اسمبلی کو 1954 میں ختم کیا گیا۔ اس کے بعد ملک پر One Unit کے دو constitutions یعنی 1956 اور 1962 کے constitutions مسلط کئے گئے جس کی وجہ سے بنگال ہم سے علیحدہ ہو گیا کیونکہ وہ دونوں constitutions, 3rd June Plan کے مطابق نہیں تھے۔ 3rd June Plan میں پانچ صوبے تھے۔ یہ آئین دو صوبوں پر مشتمل تھے اور اس وجہ سے بنگال ہم سے چلا گیا۔ 1973 کے constitution نے ہم سب کو ملایا۔ بلوچوں اور ہم سب نے 1973 Constitution اس وجہ سے بنایا کہ اس پر عمل ہوگا تو بات بنے گی۔ آپ نے بھی اس دن تقریر کی کہ جو پاکستان کے constitution کو مانے گا، ہم صرف اس سے بات کریں گے۔ آپ کی بات بالکل بجا ہے۔ شہید بھٹو نے Constitution of 1973 کے تحت پہلی مرتبہ Federation بنائی اور شہید بھٹو ہی 3rd June Plan of 1947 کے تحت اس ملک کے بانی ہیں۔ ہم اپنے گریبان میں جھانکیں کہ کیا ہم اس آئین پر عمل کر رہے ہیں؟ کیا آئین پر عمل کرکے بلوچستان کے مسائل حل ہو سکتے ہیں؟ 1973 کے آئین کو جنرل ضیاء اور جنرل مشرف نے جو deface کیا، پاکستان پیپلز پارٹی نے 18th Amendment کے ذریعے اسے بحال کیا۔

جناب! میں تمام پارٹیوں اور ایوان سے پوچھتا ہوں کہ کیا 1973 کے constitution اور 18th Amendment پر عمل ہو رہا ہے؟ اس میں صوبوں اور وفاق کے درمیان جو اختیارات کی تقسیم ہے، کیا اس پر عمل ہو رہا ہے؟ اس اختیارات کے تقسیم کے تحت سارے mineral resources صوبوں کی property ہے۔ بلوچستان میں gold, copper, gas and other mineral resources ہیں، کیا وہ ہم نے بلوچستان کو دیے۔ Constitution کے تحت بلوچستان کو جو rights ملے ہیں، پہلے ہم تو وہ بلوچستان کو دیں تو پھر ہم بلوچستان سے بات کریں۔ پہلے ہم وہ causes تو ختم کریں جن کے تحت بلوچستان میں militancy ہوئی ہے۔ آئین کے آرٹیکل 142 کے تحت سارے اختیارات صوبوں کے ہیں سوائے

ان کے جو Federal List میں Federation کو گن کر دیے گئے ہیں۔ پہلی مرتبہ 1973کے constitution میں Federal List کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا کہ Part I پر عمل داری Federal Cabinet کی ہوگی اور Part II پر عمل داری Council of Common Interests کی ہوگی۔ Council of Common Interests dysfunctional ہے۔ Part II کے جو important subjects ہیں جن میں تیل، گیس، واپڈا اور ریلوے شامل ہیں، وہ انہیں چلا نہیں پا رہی بلکہ Federal Government چلا رہی ہے۔ 1973 کے constitution میں جو distribution of powers ہے جسے ہم devolution کہتے ہیں اور جیسے میرے چیئرمین نے کہا کہ ابھی بھی جو 17 provincial subjects ہیں، وہ Federal میں بھی بنائی گئی ہیں اور CCI اپنے subjects نہیں چلا رہی ہے۔ CCI and Federal Cabinet دونوں کو Prime Minister head کرتے ہیں۔

جناب! کیا ہم 1973 کے آئین پر عمل کرکے بلوچستان کے resources اس کے حوالے کر رہے ہیں۔ یہ کوئی دس یا بیس ارب کا issue نہیں ہے۔ یہ بلوچستان کے اقتدار اعلیٰ اور resources کے issues ہیں۔ موجودہ 1973کے constitution کے تحت تمام mineral resources صوبوں کے ہیں کیونکہ وہ Federal Legislative List میں enumerated نہیں ہیں۔ آرٹیکل 158 میں لکھا ہوا ہے کہ جس صوبے سے گیس نکلے گا، اس پر پہلا حق اسی صوبے کا ہوگا تو بلوچستان سے جب گیس نکلے گا تو پہلا حق بھی بلوچستان کا ہی ہوگا۔ 1956کے آئین میں پہلی مرتبہ اسے Federal Legislative List میں ڈالا گیا۔ اگر Constitution کے تحت آپ بلوچستان کو اس کے rights نہیں دیں گے تو وہ causes بھی ختم نہیں ہوں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی یہی سمجھتی ہے کہ اگر 1973کے Constitution and 18th Amendment پر Federation عمل نہیں کرے گی تو یہ causes وہیں رہیں گے اور بلوچستان سلگتا رہے گا۔ اگر ہم 1973 کے constitution پر عمل کریں گے تو یہ causes ختم کر سکتے ہیں، بلوچستان کو empower کر سکتے ہیں اور ان کا اقتدار اعلیٰ بحال کر سکتے ہیں، شکریہ۔

(The Chair recognized the presence of former Senator Engr. Rukhsana Zuberi witnessing the Senate session)
(Desk thumping)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر محمد ہمایوں مہمند۔Try to be brief کیونکہ آج جمعہ بھی ہے۔

Senator Muhammad Humayun Mohmand

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: شکریہ، جناب چیئرمین! I will be brief sir. بات یہ ہے کہ جب ہم بلوچستان کے مسئلے کی بات کرتے ہیں تو سب سے پہلے we have to be honest to the nation and with one another. بلوچستان کے جو plus points ہیں that are also part of the problem. بلوچستان میں جو copper کے ذخائر ہیں، probably دنیا کے پہلے اور دوسرے ذخائر چلی اور ایران میں ہیں اور سنا ہے کہ پاکستان کے ذخائر ان سے زیادہ ہیں اور وہ دوسرے اور تیسرے نمبر پر آتے ہیں۔ اسی طرح بلوچستان cross roads ہے between Central Asia and South Asia. اگر دیکھا جائے تو Strait of Hormuz بلوچستان کے بالکل opposite ہے۔۔

(اس دوران ایوان میں اذان جمعہ سنائی دی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: براہ مہربانی جلدی کریں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب! میں جلدی کر رہا ہوں۔ جناب! لیکن یہ یاد رکھیں میری ایک request ہے کہ ہم یہاں بہت important issues کو discuss کر رہے ہوتے ہیں۔ اگر آپ لوگوں کو بہت زیادہ limit کریں گے تو نہ آپ proper thought process کا فائدہ لے سکیں گے، یہ جلدی کا کام معذرت کے ساتھ، اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ یا تو آپ اس قسم کی debate کے لیے دو یا تین دن دیں، آدھا گھنٹہ، پانچ منٹ، دو منٹ، اس کا فائدہ نہیں ہوتا۔۔

Mr. Presiding Officer: Sir, we will continue it on Monday also. Yes.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب! پھر ٹھیک ہے آپ مجھے پانچ، سات منٹ ابھی دے دیں، باقی ساتھیوں کو سوموار کو دے دیں۔ مجھے اب بولنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ چاہیں تو سوموار کو لے لیں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب! میں ابھی بول لیتا ہوں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ابھی آپ کے پاس مزید تین سے چار منٹ ہیں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: ٹھیک ہے جناب! پھر میں سوموار کو بول لوں گا کیونکہ مجھے دس منٹ چاہیے ہوں گے۔

Mr. Presiding Officer: Right, done.

Senator Mohammad Hamayun Mohmand: Sir, but I hope you will honour your commitment.

Mr. Presiding Officer: I will ensure. I may not be sitting in this chair but I will ensure *In Sha Allah*. Yes, Senator Palwasha.

(Interruption)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کو بھی وقت دیتے ہیں۔

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: جناب! اذان ہو گئی ہے۔

Senator Syed Shibli Faraz: The way you have been distributing the speeches, I really appreciate that. Thank you.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much Sir. Yes, Palwasha.

<u>Senator Palwasha Mohammad Zai Khan</u>

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: جناب! بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے وقت دیا ہے۔ میں اختصار کے ساتھ بات کروں گی تاکہ باقی ساتھیوں کو بھی وقت ملے۔ جناب! میں صرف ایک بات کی طرف توجہ دلانا چاہ رہی ہوں۔ سب سے پہلے یہ کہ جب 2008 میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت آئی تو زرداری صاحب نے آغازِ حقوقِ بلوچستان کا اعلان کیا تھا اور معافی مانگی تھی، تاریخی معافی مانگی تھی۔ اس کے بعد حالات بہت حد تک بہتر ہو گئے لیکن بات اصل یہ ہے کہ ہم سب بات تو کر رہے ہیں کہ جو بندوق اٹھاتا ہے، اس سے بات نہیں ہوگی۔ یہ بات بالکل ٹھیک ہے جو اسکولوں میں پاکستان کے جھنڈے نہیں لہرانے دیتا، جو بلوچستان میں قومی ترانہ پڑھنے نہیں دیتا، وہ سب اسی bracket

میں ہیں لیکن ہم ایک بات کہنے سے، یا ہم نہیں کر رہے یا اس وقت ہماری توجہ میں نہیں ہے کہ trigger کے پیچھے ہاتھ کس کا ہے۔Trigger کے پیچھے آخر کسی کا ہاتھ ہے جو ان کو finance کرتا ہے، جو ان کو train کرتا ہے۔ وہ لوگ الجزیرہ کو interviews دے رہے ہیں۔ وہ لوگ تمام international channels پر چھائے ہوئے ہیں۔آپ ان کی تیاری دیکھیں، آپ ان کی وردیاں دیکھیں، آپ ان کی distribution of عہدے دیکھیں۔ کون ہیں؟ جناب ! کیوں ہمیں سمجھ نہیں آ رہی؟ جس طریقے سے کپڑے کے تان پر گز گز پر بنانے والے کی مہر ہوتی ہے۔ اسی طرح اس آپریشن کے قدم قدم پر Ajit Doval کی مہر لگتی ہے۔ کیا ہوا ہے بنگلادیش میں، ان کو تاریخی ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ یہ بات کوئی اتنی سمجھ سے بالاتر نہیں ہے کہ یہ انہوں نے reactions کیے ہیں۔ بلوچ عوام کے 75 سال سے جو مسائل ہیں، وہ ایک الگ کام ہے لیکن جس طریقے سے لوگوں کو gun down کیا گیا ہے، بلوچستان کی دھرتی پر جب ایک ایسا شخص جو چاہے پنجاب سے یا کہیں سے بھی، میں لسانیت اور صوبائیت میں نہیں پڑنا چاہتی لیکن جب اسے اتارا گیا، اس کے ساتھیوں نے کہا کہ بھاگو تو اس نے کہا کہ میرا ڈالہ، یہ تو میں نے ابھی خریدا، جو وہاں سے سیب لینے گیا تھا۔ آپ سوچ سکتے ہیں کہ اس کی پیٹ میں روزگار کی کتنی آگ لگی ہو گی کہ اس وقت بھی اس نے جان کر اپنی روزگار کے پسینے کو بچانے کا سوچا۔

بات یہ ہے کہ ہم بات ضرور کریں، ہم یہ apex Committees بھی کریں لیکن ان میں سب سے پہلا حق بولنے کا کس کا ہے؟ جس کا کوئی پیارا گیا ہے، اس سے پوچھیں جس کا خون کیا گیا ہے کسی بھی دہشت گردی کے واقعے میں، ان وارثین کو پہلے بلائیے اور پوچھیں کہ ریاست کا response کیا ہونا چاہیے کیونکہ ریاست ماں ہوتی ہے۔ ریاست اپنے فیصلے impose نہیں کر سکتی۔ The state cannot impose its decisions on the people.
سب سے پہلے ان کو حق دیں۔ ان کی لاشیں کوئی پنجاب لانے والا نہیں تھا۔ آج میں نے خود interviews سنے۔ وہ خود آئے ہیں، جس طرح بھی آئے ہیں۔ وہ غریب لوگ ہیں۔ ان کے گھر کچے ہیں، دیواریں ٹوٹی ہوئی ہیں ورنہ کوئی کیوں اتنی دور جائے۔

لہٰذا، سب سے پہلے کسی بھی response میں، وارثین کا حق ہے اور یہ تحفظ وارث کو دین بھی دیتا ہے۔ جس کا خون کیا گیا ہے، جس کے دل پر چوٹ لگی ہے۔ جس کا پیارا گیا ہے۔ ان

سے پوچھیں کہ کیا response ہونا چاہیے۔ ہم ماں ہیں، state ماں ہے، state پوچھے اور پھر state response دے۔ ریاست اور ہم سب اس بات کو کہنے سے نہ گھبرائیں کہ بنگلادیش میں جو ہوا ہے، آپ کو آئندہ ملیں گے شاخسانے جو بھی اس کو investigate کر رہا ہے کہ وہاں جو تاریخی ہزیمت مودی نے اٹھائی اور مودی بارہا کہہ چکا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں سے میں رابطے میں ہوں، وہ مجھے reach out کرتے ہیں، وہ مجھ سے بات کرتے ہیں۔

ایک آخری بات جناب! میں بالکل اختصار سے بات کروں گی، آپ سے وعدہ کیا تھا، وہی کروں گی۔ وہ لوگ جو اس کی مذمت نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ we are torch-bearers of human rights. They are not, human rights والے شخص کے لیے جس کے دل میں انسانیت کا درد ہوتا ہے، اس کے لیے ہر انسان برابر ہے۔ آج آپ دیکھیں جب یہاں ان کے ساتھ ظلم ہوا ہے تو سب بولے لیکن اب کیا ہوا ہے کیوں نہیں بولتے، وہ اب کیوں چپ ہیں؟ لہٰذا جو لوگ اس میں آلہ کار ہیں وہ بھی کھل کر سامنے آ گئے۔ جناب! میری ایک آخری گزارش ہے کہ اس سینیٹ کا اجلاس کوئٹہ میں رکھیں، ان جگہوں پر رکھیں، ہم سب وہاں جائیں۔ آپ ہمیں security دے سکیں یا نہ دے سکیں، وہ الگ بات ہے لیکن یہی حل ہے۔ وہاں بات سنیں اور وہاں ان کے سامنے بات کرنے کی ہمت کریں کہ آج جو ان کے ساتھ کھڑا نہیں ہوتا جن کا خون بہایا گیا ہے تو وہ بھی ان ہی کا آلہ کار ہے جنہوں نے خون بہایا ہے، بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you, Madam for being so brief. Senator Dost Muhammad Khan.

Senator Dost Muhammad Khan

سینیٹر دوست محمد خان: جناب! یہ پچھلے دو اڑھائی سال سے جو خون خرابہ پختونخوا اور بلوچستان میں ہو رہا ہے، ہم سے ہمارے بچے سوال کرتے ہیں کہ یہ ملک کن کے ہاتھوں میں ہے اور یہ کون چلا رہا ہے تو ہمارا جواب یہ ہے کہ جب آپ صحیح لیڈرشپ کو promote نہیں کریں گے، genuine leadership کو آپ promote نہیں کریں گے اور Form 47 کے ذریعے اس ملک کو rule کریں گے تو یہی حال ہوگا۔ جناب! پچھلے دنوں امام حسین کا چہلم تھا، جس طرح اسلام آباد اور پاکستان کے دوسرے شہروں کو بند کیا گیا تھا، خدا کی قسم ہم گھر سے بڑی مشکل سے

نکلتے تھے۔ ہم نے کہا کہ کیا ہو گیا ہے، ہمیں پتا ہی نہیں تھا کہ چہلم پر بھی اتنا زبردست انتظام ہوتا ہے۔ اگر شورش زدہ علاقوں میں ہمارا وزیر داخلہ یا دوسرے سیکورٹی ایجنسی والے یہ اقدامات اٹھاتے تو اس طرح کا حال نہ ہوتا جس طرح ہم درجنوں لاشیں اٹھا رہے ہیں۔ جناب! ہمارے وزیر داخلہ کا یہ حال ہے کہ کنٹینرز کے ذریعے تو اسلام آباد کو بند کر سکتا ہے لیکن اس کو کرکٹ سے فرصت نہیں ہے، کبھی انگلینڈ میں ہوتے ہیں، کبھی Switzerland میں ہوتے ہیں، کبھی Ireland میں ہوتے ہیں، کبھی پنڈی کے اسٹیڈیم میں بیٹھے رہتے ہیں اور کرکٹ کا وہ کباڑا کر دیا ہے کہ ہم بنگلا دیش جیسی کمزور team سے بھی ہار گئے ہیں۔

جناب! خدا کے واسطے! چونکہ میں قبائلی علاقے سے ہوں، یہ گدھے پالنا، مال مویشی، اونٹ، ہمارے ہاں کہتے ہیں کہ گدھا جب گھر سے گم ہو جاتا ہے، گدھا تو رات کو آنکھیں بند کر لیتا ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ میں کسی کو نہیں دیکھ رہا تو مجھے بھی کوئی نہیں دیکھ رہا ہے۔ خدا کے واسطے! اقتدار میں جو بیٹھے ہوئے لوگ ہیں ان کو میں اپیل کرتا ہوں کہ عمران خان کو release کریں، وہ دہشت گردی کا ماہر ہے اور وہ آپ کی معیشت کو بھی ٹھیک کر دے گا، اپنی آنکھیں کھولیں اور عمران خان کو رہا کریں۔ شکریہ!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دوست محمد خان صاحب! ایک جملے پر نظر ثانی کر لیں اور اس کو repeat کر دیں، جو آپ نے کہا دہشت گردی کا ماہر ہے، یہ نہ کہیں، کوئی اور جملہ بنائیں۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب! آپ ہمارے مخالف پارٹی کے ہیں، آپ اس لیے یہ بات کرتے ہیں۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں! میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ یہ کہیں کہ وہ دہشت گردی کے۔۔۔

سینیٹر دوست محمد خان: میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ ساڑھے تین سال اس کی حکومت تھی، صرف ایک ڈرون حملہ ہوا۔ امریکہ نے ایک ڈرون حملہ کیا اور اس نر کے بچے نے کیا کیا کہ یہاں سی۔ آئی۔ اے کے چیف پر ایف۔ آئی۔ آر کاٹی اور چار مہینے نیٹو اور امریکہ کی سپلائی بھی بند کر دی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل جی۔

سینیٹر دوست محمد خان: کسی کو جرأت نہ ہو سکی کہ دوبارہ وہ دہشت گردی کرسکے۔ اس لیے میں کہہ رہا ہوں اسے افغانستان میں استاد مانتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مجھے آپ کا جملہ ٹھیک کرنے دیں، آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ عمران خان صاحب دہشت گردی کے خاتمے میں مہارت رکھتے ہیں۔

سینیٹر دوست محمد: میں یہی کہہ رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بس ٹھیک ہے۔ بہت شکریہ۔

سینیٹر دوست محمد: دہشت گردی کا ماہر ہے جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں اگر آپ insist کرتے ہیں۔

The questions and their printed replies shall be treated as laid on the Table of the House. The House stands adjourned to meet again on Monday, the 2nd September, 2024 at 05:00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 2nd September, 2024 at 05:00 pm]